© rasailojaraid.com



# وفاق کے مسئولین کے نام، حضرت ناظم اعلیٰ کا خط

وفاق المدارس کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا قاری محمد حنیف جالندھری صاحب نے ملک بھر میں وفاق المدارس کے مسئولین کے نام ایک خط لکھا ہے۔ جس میں شعبان ۱۴۳۲ھ کے امتحان کے سلسلے میں ان کو ہدایات دی گئی ہیں، یہ خط افادہ عام کے لئے نذر قارئین ہے۔ (ادارہ)

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! امید ہے مزاج گرامی بعافیت ہونگے۔

وفاق المدارس کے درجہ کتب کے سالانہ امتحانات یکم شعبان ۱۴۳۲ھ بروز ہفتہ بمطابق 2 جولائی 2011ء تا جمعرات ۶ شعبان جبکہ درجہ حفظ کے امتحانات ۱۶ رجب تا ۲۶ رجب بمطابق ۱۸ جون تا ۲۸ جون ہوں گے۔ آپ نگران عملہ و ممتحنین حفظ کا تقرر، ان کی تربیت، مراکز امتحان کا تقرر اور دورانِ امتحان مراکز کا معائنہ فرمائیں گے۔

نگران عملہ اور ممتحنین حفظ کے تقرر میں وفاق کے مفاد اور معیار کو ترجیح دی جائے۔ غیر ملحقہ مدرسہ کے مدرس کو نگران یا ممتحن حفظ مقرر نہ کیا جائے۔ نیز عالمیہ کے امتحانی مرکز میں عالمیہ تک پڑھانے والے استاد مقرر کیے جائیں۔ اگر کوئی نگران ڈیوٹی سے معذرت کرے تو اس کے متبادل کا تقرر کر کے دفتر وفاق کو اطلاع دی جائے۔

تحفیظ کے لئے ایسے ممتحنین کا تقرر کریں جو تمام وابستگیوں سے بالاتر ہو کر، کسی دباؤ میں آئے بغیر ضوابط کے مطابق امتحان لیں۔ ممتحن کے لئے تحفیظ و تجوید کا مدرس، تجربہ کار اور دیانتدار ہونا ضروری ہے۔ نیز متعلقہ مدارس اگر پانی پتی طرز کے ہوں تو پانی پتی ممتحن مقرر کریں اور اگر مصری طرز کے ہوں تو ویسا ہی ممتحن مقرر کریں۔

بنات کے امتحان کیلئے قاریہ معلّمہ کا تقرر کیا جائے۔ اگر مستعد، دیانتدار خاتون میسر نہ ہو تو عمر رسیدہ مرد ممتحن اس طرح امتحان لے کہ بچیوں کے ساتھ پردہ میں ایک خاتون موجود رہے، تاکہ کوئی بچی قرآن کریم دیکھ کر یا کسی دوسری کی جگہ نہ سنائے۔ امتحان کے دنوں میں عذر شرعی کی وجہ سے معذور طالبات کا امتحان ایام مخصوصہ کے بعد دوبارہ لیا جائے۔

تحفیظ کے مراکز بناتے وقت مدارس کی سہولت کو مدنظر رکھا جائے۔ ہر مرکز میں ایک ممتحن اعلیٰ مقرر کیا جائے۔ جو دوران امتحان طلبہ کا شناخت نامہ چیک کر کے تسلی کرے کہ کوئی پرائیویٹ یا متبادل تو امتحان نہیں دے رہا۔ اگر کسی بے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ضابطگی کی شکایت ہوتو ممتحن اعلیٰ مکمل تحقیق کے بعد رپورٹ تحریر کریں۔

ممتحنین حفظ یومیہ ۳۰ سے ۵۰ طلباء کا امتحان لیں۔ حفظ کے داخلہ فارم پر دی گئی ہدایات کے مطابق امتحان لیا جائے اور انہی ضوابط کے مطابق نمبر دیے جائیں۔ امتحان کے بعد ممتحن اعلیٰ نتائج حفظ آپ کے حوالے کرے جس پر آپ تصدیقی دستخط کر کے ایک کاپی اپنے پاس محفوظ رکھیں اور اصل نتائج 30 جون تک دفتر وفاق کو ارسال فرمائیں۔

امتحانی عملہ کو دفتر وفاق کی طرف سے جاری کردہ ہدایات سے آگاہ کیا جائے تا کہ وہ دوران امتحان اس پر عملدرآمد کرا سکیں۔

نیز امتحان کے اختتام پر نگران اعلیٰ سنٹر کی فائل آپ کے حوالے کریں اور آنجناب 10 جولائی "دفتر وفاق" کو ارسال فرمائیں۔

سوالیہ پرچہ جات:...... "وفاق" کے سالانہ امتحانات کے سوالیہ پرچے امتحانات سے قبل آپ کو پہنچا دیے جائیں گے۔ ان پرچوں کی حفاظت اور انہیں محفوظ ہاتھوں تک پہنچانے میں اکابرین وفاق کی شبانہ روز کاوشوں کا بہت بڑا حصہ ہے۔ جس سے مقصود یہ ہے کہ قبل از وقت کسی سوال کا افشاء نہ ہو۔ آنجناب سے بھی دست بستہ گزارش ہے کہ ان پرچوں کی حفاظت قیمتی سے قیمتی متاع سے بھی بڑھ کر کی جائے اور نظم کے مطابق براہ راست معتمد نمائندوں کے ذریعے مراکز تک پہنچانے کا اہتمام کیا جائے۔

حق الخدمت وسفرخرچ:......(۱) اس سال درجہ کتب کے نگران اعلیٰ کا حق الخدمت مبلغ -/۲۰۰۰ روپے اور معاون نگران کا -/۱۴۰۰ روپے ہے۔ سفرخرچ کی مد میں -/۷۰۰ روپے سے زائد ادا نہیں کیے جائیں گے۔ تاہم اس سے زیادہ کرایہ خرچ ہونے کی صورت میں مسئول کی سفارش پر ادا کیا جائے گا۔ نگران خواتین کے ساتھ آنے والے محرم مرد کو صرف دو مرتبہ آمد و رفت کا کرایہ ادا کیا جائے گا۔ تحفیظ کے ممتحنین کا حق الخدمت -/۵۰۰ روپے یومیہ ہوگا۔

(۲)......مراکز تک سوالیہ پرچے پہنچانے والے معتمد کا حق الخدمت ۱۰۰۰ روپے ہے اور اگر جوابی کاپیاں بھی وصول کرے تو حق الخدمت -/۱۴۰۰ روپے ہوگا۔

(۳)......بنات کے امتحانی مراکز کے معائنہ کیلئے مقرر کی گئی خاتون کا حق الخدمت نگران اعلیٰ کے مساوی ہوگا۔

(۴)......نگران عملہ اور ممتحنین حفظ کے اخراجات کی مکمل پڑتال کے بعد ادائیگی کریں۔ ادائیگی کے بل اور دیگر حسابات کی تفصیل محفوظ ذریعہ ڈاک (T.C.S.) سے بنام محاسب دفتر وفاق المدارس العربیہ پاکستان گارڈن ٹاؤن ملتان ارسال فرمائیں۔ (جملہ اخراجات کے بلوں کی کاپی اپنے پاس بھی محفوظ رکھیں)

نوٹ:......کسی قسم کی وضاحت کیلئے احقر یا ناظم مرکزی دفتر "وفاق" ملتان سے مراجعت فرمالیں۔ آپکا تعاون ہی ہمارے لئے حسن انتظام کا ضامن ہے۔ جزاکم اللہ احسن الجزاء

والسلام

(مولانا) محمد حنیف جالندھری

ناظم اعلیٰ وفاق المدارس العربیہ پاکستان

۱۹ر جمادی الثانی ۱۴۳۲ھ ۔۔۔۔۔۔ ۲۳ر مئی ۲۰۱۱ء



© rasailojaraid.com